21/01/2025

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

یوم جمہوریہ

ملک میں یوم جمہوریہ کی تقریبات کے انعقاد کے لئے تیاریوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ۔ ملکی سطح کی سب سے بڑی تقریب نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر منعقد ہو گی ۔ اس برس یوم جمہوریہ کی پریڈ میں انڈونیشیا کے دو فوجی دستے بھی شرکت کر رہے ہیں ۔

اس کے علاوہ ملک میں مختلف شعبوں اور علاقوں کی ترقی کے عکاسی کرتی ہوئی کئی جھانکیاں ھی نکالی جائیں گی ۔ 34 مختلف زمروں کے دس ہزار خاص مہمانوں کو یوم جمہوریہ کی تقریبات کا مشاہدہ کرنے کے لئے نئی دلی مدعو کیا گیا ہے ۔

جموں کشمیر میں بھی یوم جمہوریہ کی تقریبات کے احسن انعقاد کے لئے تمام انتظامات تقریباً مکمل کئے جا چکے ہیں ۔

چنا وکمیشن

جموں کشمیر چنا وکمیشن نے پنچایت الیکٹورل رولز کی حتمی فہرست کو مشتہر کرکے اس فہرست پر سالانہ نظر ثانی کا کام مکمل کیا ہے ۔ گزشتہ برس 11 نومبر کو شروع کئے گئے فہرست کی نظر ثانی کے بعد اس میں یکم جنوری 2025 تک کا ڈیٹا درج کیا گیا ہے ۔ اس دوران فہرست میں تین لاکھ 41 ہزار 72 نئے ووٹرس درج کئے گئے ہیں جبکہ ایک لاکھ دس ہزار 768 ایسے ووٹروں کے نام حذف کئے گئے ہیں جن کا انتقال ہو اہے۔

چناو کمیشن نے 18 برس سے زیادہ کی عمر کے ان افراد سے اس فہرست میں اپنا نام درج کرانے کے لئے کہا ہے جن کے ناموں کا ابھی تک اندراج نہیں ہو اہے ۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سکمز صورہ نہ صرف جموں کشمیر بلکہ دیگر ریاستوں کے مریضوں کو بھی علاج و معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کر رہا ہے ۔ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں اس ادارے کے کام کاج کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے سکمز صورہ کے طبی معیار کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا ۔

وزیر موصوفہ نے سکمز کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لئے جاری سبھی پروجیکٹوں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

تقرری

حکومت نے کھادی اینڈ ولیج انڈسٹری بورڈ کے نئے چیرمین کی تقرری کے احکامات صادر کئے ہیں اور بورڈ آف ڈائریکٹرس کو از سر نو تشکیل دیا ہے ۔ اس سلسلے میں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری ایک حکمنامے کے مطابق جموں کشمیر کے صنعت و حرفت کے وزیر بورڈ کے نئے چیرمین ہوں گے ۔

فائناس ، دیہی ترقی اور صنعت و حرفت محکموں کے سیکریٹری ، کوآپریٹیو سوسائٹیز کے اور صنعت و حرفت کے MSMEرجسٹرار ، فائنانس محکمے کے ڈائریکٹر جنرل کوڈس ، ڈائریکٹرس اور رورل لائیو لی ہُڈ کے مشن ڈائریکٹر بورڈ کے ڈائریکٹرس مقرر کئے گئے ہیں ۔

لمیٹیڈ اور جموں کشمیر JK Cementsاس کے علاوہ ہینڈ ی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کارپوریشن ، انڈسٹریز لمیٹیڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کو بھی نئے سرے سے تشکیل دیا گیا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ میں مشن یوتھ کے تحت عملائی جا رہی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ اس موقعے پر انہوں نے روزگار کے وسائل پیدا کرنے پر مرکوز ان سکیموں کی وسیع تشہیر پر زور دیا تاکہ بے روزگار نوجوان ان سے استفادہ کر سکیں ۔

ڈپٹی کمشنر نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ سرکار کی خود روزگار سکیموں کے ذریعے نہ صرف اپنے لئے بلکہ دوسروں کے لئے بھی روزگار کے وسائل پیدا کریں ۔ میٹنگ کے دوران مشن یوتھ کی مختلف سکیموں کے 34 معاملات کو منظوری دی گئی ۔

شوپیان

شوپیان کے ڈپٹی کمشنر م□مد شاہد سلیم ڈار نے زراعت م□کمے کے ضلع افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس شعبے کے لئے سال 2025-26 کی خاطر مالی مد مقرر کرنے کے لئے اپنی تجاویز دیں ۔

دریں اثناءکمشنر موصوف کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ میں پردھان منتری جن وِکاس کاریہ کرم کے ت□ت ایک جامع منصوبہ ترتیب دینے پر غور و خوض کیا گیا ۔

ڈونالڈ ٹرمپ

وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکہ کے صدر کا عہدہ سنبھالنے پر ڈونالڈ ٹرمپ کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا ہے کہ وہ بھارت اور امریکہ کے رشتوں کو مزید مست□کم بنانے کے لئے صدر ٹرمپ کے ساتھ مل کر کام کرنے کے متمنی ہیں ۔

دیگر کئی عالمی لیڈروں نے بھی ڈونالڈ ٹرمپ کو امریکی صدر کا عہدہ سنبھالنے پر مبارک باد دی ہے ۔ ڈونالڈ ٹرمپ کو کل شام امریکہ کے 47 ویں صدر کی □یثیت سے عہدے کا □لف دلایا گیا ۔

□لف برداری کی تقریب میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے شرکت کر کے بھارت کی نمائندگی کی ۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا□افظ

****